
Urdu / اردو

# سِموں اور ایپس پر رہنمائی

## ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا

## اپنی NHS ایپ مرتب کرنا



Luton Family Hubs

Family HUBS

Milton Keynes City Council

NHS Bedfordshire Hospitals NHS Foundation Trust

NHS Milton Keynes University Hospital NHS Foundation Trust

# سِموں اور ایپس پر رہنمائی

## سِم کارڈز پر رہنمائی

### سِم کارڈز تبدیل کرنا



1. فون بند کریں
   a. اینڈرائیڈ: فون کے اوپر کی طرف یا ایک جانب موجود پاور کا بٹن دبا کر رکھیں اور پھر اسکرین پر ’’پاور آف‘‘ کو دبائیں۔
   b. آئی فون: فون کے ایک جانب یا اوپر کی طرف موجود پاور کا بٹن دبا کر رکھیں، یہاں تک کہ پاور سلائیڈ نمودار ہو جائے۔ پھر اسے آف کرنے کے لیے دبا کر کھینچیں۔

2. سِم کارڈ کی ٹرے کا پتہ لگائیں جو فون کے کنارے پر ہوگی۔ یہ ایک پتلا پینل ہوگا جس کے پاس چھوٹا سا سوراخ ہوگا۔

3. ٹرے نکالنے کے لیے فراہم کردہ ٹول یا پھر پیپر کلپ کو سوراخ کے اندر ڈالیں یہاں تک کہ سِم ٹرے باہر نکل آئے۔



4. سِم کارڈ کو نرمی سے باہر نکالیں یا ٹرے کو کسی نرم چیز پر الٹا کر دیں۔

5. اپنا نیا سِم کارڈ ٹرے میں ڈالیں۔ سِم کارڈ صرف ایک طرف سے فٹ ہو جائے گا اور کوئی طاقت لگانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ ٹرے پر ایک زاویائی کنارہ ہے جس کی مدد سے سِم کارڈ کو درستگی سے رکھا جا سکتا ہے۔

6. ٹرے کو دوبارہ فون کے اندر دھکیل دیں یہاں تک کہ کلک کی آواز کے ساتھ یہ اپنی جگہ مستحکم ہو جائے اور فون کے بیرونی کنارے کے مطابق ہموار ہوجائے۔



7. فون کو آف کرنے والا بٹن ہی دوبارہ استعمال کرتے ہوئے فون کو آن کریں۔

**متعلقہ مقامات پر مزید رہنمائی مل سکتی ہے:**

اپنی مطلوبہ معلومات کے لیے QR کوڈز اسکین کریں۔ اپنا موبائل فون کیمرہ درج ذیل کوڈز پر تھامے رکھیں۔ کیمرے پر ایک وقت میں ایک کوڈ منتخب کیا جا سکتا ہے۔ ظاہر ہونے والے لنک پر کلک کریں جو آپ کو ویب سائٹ کے صفحے پر لے جائے گا۔

| **Samsung کے لیے رہنمائی** | **اینڈرائیڈ کے لیے رہنمائی** | **ایپل آئی فون کے لیے رہنمائی** |
|---|---|---|

ماخذ: https://www.wikihow.com/Switch-SIM-Cards

## اپنے نئے سِم کارڈ کو ٹاپ اَپ کرنا

**O2 سِم کارڈز**

آپ کو ہر ماہ ایک کوڈ موصول ہوگا جو 25GB ڈیٹا اور مفت کالز اور پیغامات فراہم کرے گا۔ آپ کو ایک سال کے لیے یہ کوڈز موصول ہوں گے۔

1. 4444 ڈائل کریں۔
2. اپنا فون ٹاپ اَپ کرنے کے لیے آپشن 1 منتخب کریں
3. واؤچر ٹاپ اَپ کرنے کے لیے آپشن 2 منتخب کریں اور اشتہار ختم ہونے کا انتظار کریں۔
4. موبائل پیغام کے ذریعے بھیجا گیا 16 ہندسوں پر مشتمل کوڈ درج کریں۔
5. جیسے ہی آپ کو ٹاپ اپ ہونے کی تصدیق سنائی دے تو آپ فون بند کر سکتے ہیں۔
6. آپ کو ایک تصدیقی پیغام موصول ہوگا کہ آپ کا ٹاپ اَپ کامیاب رہا۔

**Vodafone سِم کارڈز**

آپ کو اپنا سِم کارڈ ٹاپ اَپ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور اس میں 6 ماہ تک کے لیے ہر ماہ 40GB کا ڈیٹا، مفت کالز اور پیغامات ملیں گے۔

**تھری (تین) سِم کارڈز**

آپ کو اپنا سِم کارڈ ٹاپ اَپ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور اس میں استعمال کے لیے 24GB ڈیٹا ہوگا۔

## اپنا فون نمبر برقرار رکھنا

اپنا موجودہ موبائل فون نمبر برقرار رکھنا ممکن ہے۔ اگر آپ ایسا کرنا چاہیں، تو آپ کو اپنے **PAC** کوڈ کی درخواست کے لیے اپنی موبائل کمپنی کو کال کرنی ہوگی۔ جب آپ کو اپنا PAC کوڈ مل جائے تو اپنی سِم کارڈ کمپنی کو کال کرنے کے لیے درج ذیل نمبرز استعمال کریں۔ انہیں بتائیں کہ آپ اپنا پرانا موبائل نمبر اپنے نئے سِم کارڈ میں منتقل کرنا چاہتے ہیں۔

**O2** کے لیے O2 سِم کارڈ کے حامل اپنے موبائل فون سے 4445 پر کال کریں؛ کسی اور فون سے 0344 8090222 پر کال کریں۔

**Three (تین)** کے لیے تین سِم کارڈ کے حامل اپنے موبائل فون سے 500 پر کال کریں؛ کسی اور فون سے 0333 338 1001 پر کال کریں۔

**Vodafone** کے لیے Vodafone سِم کارڈ کے حامل اپنے موبائل فون سے 191 پر کال کریں؛ کسی اور فون سے 0333 304 0191 پر کال کریں۔

# ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا

ایپس یا ایپلیکیشنز چھوٹے پروگرام ہوتے ہیں جو آپ کے موبائل ڈیوائس پر چلنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ یہ آپ کو مخصوص کام کرنے کے قابل بناتے ہیں جیسے کہ NHS ایپ پر اپنے ٹیسٹ کے نتائج معلوم کرنا۔ کوئی ایپ انسٹال کرنے کے لیے براہِ کرم ہدایات دیکھیں۔


براہِ کرم آگاہ رہیں کہ ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے سے آپ کے موبائل ڈیٹا کا استعمال ہو سکتا ہے۔ آپ اپنے موبائل ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے لیے عوامی وائی فائی کے استعمال کو ترجیح دے سکتے ہیں۔


## اینڈرائیڈ

1. ''پلے اسٹور'' کی ایپ تلاش کریں اور اس کے آئیکن کو دبا کر اسے کھولیں۔




2. تلاش کے بٹن یا منظر بڑا کرنے والے عدسے کے پاس موجود پٹی کو دبائیں۔




3. اپنی مطلوبہ ایپ تلاش کریں۔ آگاہ رہیں کہ کچھ ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے رقم ادا کرنی پڑتی ہے یا اِن میں ''ایپ کے اندر'' خریداریاں ہوتی ہیں جو اضافی اختیاری چیزیں ہوتی ہیں اور ان کے لیے ادائیگی کرنا ضروری ہوتا ہے۔
4. (مفت ایپس کے لیے) انسٹال پر یا (رقم کی حامل ایپس کے لیے) ایپ کی قیمت کو دبائیں۔
5. انسٹال کرنے کے بعد وہ ایپ آپ کے ڈیوائس پر دستیاب ہو جائے گی۔

## آئی فون

1. ''ایپ اسٹور'' کی ایپ تلاش کریں اور اس کے آئیکن کو دبا کر اسے کھولیں۔




2. منظر بڑا کرنے والے عدسے پر کلک کریں۔



3. اپنی مطلوبہ ایپ تلاش کریں۔ آگاہ رہیں کہ کچھ ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے رقم ادا کرنی پڑتی ہے یا اِن میں ''ایپ کے اندر'' خریداریاں ہوتی ہیں جو اضافی اختیاری چیزیں ہوتی ہیں اور ان کے لیے ادائیگی کرنا ضروری ہوتا ہے۔
4. حاصل کریں کو یا ایپ کی قیمت کو دبائیں۔
5. انسٹال کرنے کے بعد وہ ایپ آپ کے ڈیوائس پر دستیاب ہو جائے گی۔

## تجویز کردہ ایپس

دائیں جانب QR کوڈز (تین کونوں میں مربع شکلوں کے حامل سیاہ اور سفید خاکے) ''اسکین'' کرنے کے لیے اپنے موبائل فون کا کیمرہ استعمال کریں۔ جب آپ کا فون QR کوڈ رجسٹر کرے گا تو ایک لنک اسکرین پر ظاہر ہوگا جسے دبا کر آپ ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں۔

- **NHS ایپ** – ایک مفت ایپ جو آپ کو اپنے صحت کے ریکارڈ تک رسائی پانے، اپائنٹمنٹس اور دوا کے نسخے منظم کرنے، اور پیغامات اور اطلاعات موصول کرنے کا اہل بناتی ہے۔

- **برٹش ریڈ کراس ایپ** – ایک مفت ایپ جو بچے اور شیر خوار بچے کے لیے ابتدائی طبی امداد کا مشورہ فراہم کرتی ہے۔ اسے والدین، دادا دادی/نانا نانی، اور نگہداشت پر مامور افراد کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔

# اپنی NHS ایپ مرتب کرنا

## زبانیں

NHS ایپ صرف انگلش میں دستیاب ہے۔ اگر آپ کو ایپ کے ترجموں کی ضرورت ہو تو آپ کو آن لائن ورژن استعمال کرنا ہوگا۔ اِس مقصد کے لیے اپنا ویب براؤزر کھولیں

آئی فون پر یہ Safari ہوگا

اینڈرائیڈ پر یہ Chrome ہوگا

آپ کو یہ ٹائپ کرنا ہوگا https://www.nhsapp.service.nhs.uk/login

تین عمودی بٹنز پر کلک کریں اور/یا ترجمے کا آئیکن تلاش کریں۔

جس زبان میں آپ کو ترجمہ درکار ہو، اُسے منتخب کریں

## NHS لاگ اِن تخلیق کرنا

NHS ایپ یا ویب سائٹ تک رسائی پانے کے لیے آپ کو ایک NHS لاگ اِن تخلیق کرنا ہوگا، جس کے لیے درج ذیل چیزیں درکار ہوں گی:

- آپ کا ای میل پتہ
- آپ کا موبائل فون یا لینڈ لائن نمبر۔

بعض سروسز تک رسائی پانے کے لیے، آپ کو اپنی درج ذیل چیزوں کی ضرورت ہو سکتی ہے:

- NHS نمبر یا مکمل نام
- تاریخِ پیدائش
- پوسٹ کوڈ

- شناخت کا ثبوت (پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس، یا EU قومی شناختی کارڈ)۔ اگر آپ کے پاس مستند تصویری آئی ڈی نہ ہو، تو آپ مکمل رسائی پانے کے لیے اپنے جی پی سرجری سے بات کر سکتے ہیں۔

اپنا NHS لاگ اِن تخلیق کرنا

1. صحت اور نگہداشت کی ویب سائٹ، یا NHS ایپ تک رسائی پائیں
2. اپنا ای میل پتہ درج کریں
3. ایک پاسورڈ تخلیق کریں
4. آپ کو ای میل کیا گیا سیکیورٹی کوڈ درج کریں

## NHS ایپ تک مکمل رسائی پانا

NHS ایپ تک مکمل رسائی پانے کے لیے آپ کو ثابت کرنا ہوگا کہ آپ کون ہیں۔ جب آپ ایپ یا NHS ویب سائٹ میں لاگ اِن ہوں گے تو ایک پیغام نمودار ہوگا جس میں آپ سے اپنی شناخت ثابت کرنے کا کہا جائے گا؛ اگر آپ کو یہ پیغام موصول نہ ہو، تو اس کا مطلب ہوگاکہ آپ کو پہلے سے ہی مکمل رسائی حاصل ہے

اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے آپ کو اپنی آئی ڈی کی ایک تصویر لینے، اپنے موبائل فون کی مدد سے اپنے چہرے کو ریکارڈ کرنے، اور اگر آپ کو معلوم ہو تو اپنا NHS نمبر درج کرنے کا کہا جائے گا۔ تصویری آئی ڈی کے لیے ضروری ہے وہ آپ کا پاسپورٹ، UK ڈرائیونگ لائسنس (مکمل یا عبوری)، UK ایپلیکیشن رجسٹریشن کارڈ، سٹیزن کارڈ، EU ڈرائیونگ لائسنس (مکمل)، یا آپ کا EU قومی شناختی کارڈ ہو۔

اگر آپ اپنی شناخت ثابت کرنے میں ناکام رہیں یا آپ کے پاس تصویری آئی ڈی نہ ہو، تو مدد کے لیے اپنے GP سرجری سے بات کریں۔